# 97823 - مرگی کے مرض کا شکار شخص کیا شادی سے پہلے منگیتر کو مرض کے بارہ میں بتائے یا نہ بتائے ؟

## سوال

میرا بھائی مرگی کے مرض کا شکار ہے، لیکن یہ چیز اس کے لیے جماع میں مانع نہیں، اس کا ایك عورت سے رشتہ طے ہوا ہے کیا اس کے لیے رخصتی سے قبل بیوی کو اس بیماری کے متعلق بتانا ضروری ہے یا نہیں ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد لله.

" جی ہاں خاوند اور بیوی دونوں میں سے اگر کسی کو خلقی یعنی جسمانی عیب اور بیماری ہے تو شادی سے قبل انہیں ایك دوسرے کو بتانا ہوگا، کیونکہ یہ خیرخواہی میں شامل ہوتا ہے، اور اس لیے بھی کہ یہ چیز ان دونوں میں محبت و الفت کا باعث اور جھگڑا و فساد ختم کرنے کا باعث ہوگا.

انہیں چاہیے کہ وہ رخصتی کے وقت جب ایك دوسرے کے پاس جائیں اور دخول ہو تو وہ بصیرت پر ہوں، اور پھر دھوکہ و فراڈ کرنا، اور عیب چھپانا تو جائز ہی نہیں ہے " .